AFC کی گائیڈ برائے

# تعلیمی اختیارات برائے 14 تا 21 برس کے تارکین وطن نوجوان

دسمبر 2025

ایڈووکیٹس فار چلڈرن آف نیو یارک
ہر طفل کے پڑھنے لکھنے کے حق کا تحفظ

حقِ اشاعت © 2025، از ایڈووکیٹس فار چلڈرن آف نیو یارک انکارپوریٹڈ

*کیا آپ نیو یارک سٹی کے کسی اسکول میں اندراج کروانا چاہتے ہیں؟ کیا آپ کی عمر 14 سے 21 سال کے درمیان ہے اور آپ ایک ایسے تارک وطن ہے جسے NYC میں آئے 3 سال سے کم مدت ہوئی ہے؟*

***اگر ایسا ہے، تو پھر یہ گائیڈ آپ ہی کے لیے ہے!***

# فہرست مشمولات


**تعارف ........ 3**

آپ درج ذیل حقوق رکھتے ہیں: ........ 3

**آپ کے اسکول کے اختیارات ........ 4**

**ہائی اسکولز ........ 4**

▶انٹرنیشنل ہائی اسکولز ........ 5

▶ٹرانسفر ہائی اسکولز ........ 6

▶مقامی ہائی اسکولز ........ 8

ہائی اسکول میں کیسے اندراج کروایا جائے ........ 9

فیملی ویلکم سینٹرز (FWCs) ........ 10

**17 سال اور اس سے بڑی عمر کے نوجوانوں کے لیے HSE ڈپلوما اور دیگر تعلیمی پروگرامز ........ 13**

▶ہائی اسکول ایکویلینسی (HSE) کی تیاری ........ 13

▶بنیادی تعلیم برائے بالغان (ABE) ........ 14

▶انگریزی بطور ثانوی/دیگر زبان (ESOL) ........ 14

▶ کریئر اور تکنیکی تعلیم (CTE) ........ 14

ABE، ESOL یا CTE میں کیسے اندراج کروایا جائے ........ 14

**دیگر وسائل ........ 15**

نیو یارک سٹی، بروکلین اور کوئینز کی پبلک لائبریریاں ........ 15

امیگریشن کے سلسلے میں مدد کے لیے مجھے کدھر جانا چاہیئے؟ ........ 15


*یہ گائیڈ قانونی مشورے کی حیثیت نہیں رکھتی۔ اس گائیڈ کا مقصد AFC کی رائے بیان کیے بغیر، پہلے سے موجود پالیسیز یا قوانین کا خلاصہ کرنا ہے۔ اگر آپ کو کوئی قانونی مسئلہ درپیش ہے، تو براہ کرم کسی اٹارنی یا ایڈووکیٹ سے رابطہ کریں۔*

# تعارف

اس گائیڈ میں اس بارے میں معلومات موجود ہیں کہ کوئی تارک وطن نوجوان نیو یارک سٹی کے کسی اسکول میں کیسے اندراج کروا سکتا ہے۔ یہ ایسے نوجوانوں کے لیے دستیاب پروگرامز کو بیان کرتی ہے جو حال ہی میں یہاں آئے ہیں اور ان کی عمر 14 سے 21 سال کے درمیان ہے۔

**اگر اس گائیڈ کے مطالعے کے بعد، آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو AFC کی مفت ایجوکیشن ہیلپ لائن پر کال کریں:**

**866-427-6033 • پیر – جمعرات • صبح 10 بجے – شام 4 بجے**

**یا ہماری ویب سائٹ www.advocatesforchildren.org پر ہمیں پیغام ارسال کریں۔**

***ہم آپ سے 'آپ' کی زبان میں بات کر سکتے ہیں***



## آپ درج ذیل حقوق رکھتے ہیں:

1. آپ یہ حق رکھتے ہیں کہ آپ **اپنی امیگریشن حیثیت یا پھر اپنے خاندان کی امیگریشن حیثیت سے قطع نظر** سرکاری اسکول جائیں۔
2. **اگر آپ پہلے اسکول نہیں جاتے تھے**، تو بھی آپ اسکول جانے کا حق رکھتے ہیں۔
3. آپ کو **اسکول میں انگریزی سیکھنے کا حق** حاصل ہے۔
4. آپ یہ حق رکھتے ہیں کہ **21 سال کی عمر** کا ہونے تک، اسکول ایئر کے خاتمے تک اسکول جائیں۔
5. اگر آپ خصوصی تعلیم کی خدمات موصول کرتے ہیں، **تو آپ یہ حق رکھتے ہیں کہ 22 سال کی عمر کا ہونے تک، اسکول ایئر کے خاتمے تک اسکول جائیں۔**
6. **اگر آپ عارضی ہاؤسنگ میں مقیم ہیں،** تو آپ کو فوری طور پر اسکول میں اندراج کروانے کا حق حاصل ہے، خواہ آپ کے پاس تمام درکار دستاویزات موجود نہ ہوں۔
7. اگر آپ والد یا والدہ کے ساتھ رہائش پذیر نہیں ہیں، تو آپ خود سے اسکول میں اندراج کروا سکتے ہیں۔ **آپ کو اپنے ہمراہ لے جانے کے لیے، کسی بالغ کی ضرورت نہیں ہے۔**

## آپ کے اسکول کے اختیارات

نیو یارک سٹی پبلک اسکولز ("NYCPS") آپ کی معاونت کر سکتے ہیں اور ہائی اسکول ڈپلوما حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اسکول یا کسی دوسرے تعلیمی پروگرام میں اندراج کروانا چاہتے ہیں، اور آپ کی عمر 14 سے 21 سال کے درمیان ہے، تو آپ کے پاس بنیادی طور پر دو اختیارات موجود ہیں۔

### 1. ہائی اسکولز

*یا*

### 2. 17 سال سے بڑے نوجوانوں کے لیے ہائی اسکول ایکویلینسی (High School Equivalency, HSE) اور دیگر پروگرامز

ان میں سے آپ کے لیے موزوں پروگرام کا انحصار آپ کی عمر، گزشتہ تعلیم، آپ کی بول چال کی زبان اور دیگر ترجیحات پر ہو گا۔ اس گائیڈ میں دیگر تعلیمی پروگرامز کے بارے میں بھی معلومات موجود ہیں جو "دیگر تعلیمی اختیارات" نامی حصے میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

## ہائی اسکولز

ہائی اسکولز سے مراد وہ اسکولز ہوتے ہیں جہاں 9ویں سے 12ویں گریڈ تک کے طلباء و طالبات کو تعلیم دی جاتی ہے۔ عام طور پر طلباء 14 برس کی عمر میں ہائی اسکول کا آغاز کرتے ہیں اور انہیں اس کی تکمیل میں کم از کم چار برس کا عرصہ لگتا ہے۔ کوئی بھی طالب علم، اپنی بول چال کی زبان یا سابقہ تعلیم سے قطع نظر، NYCPS ہائی اسکولز میں اندراج کروا سکتا ہے، جب تک کہ وہ 21 سال کا نہ ہو جائے۔

جب آپ گریجویشن کے تقاضے، بشمول مخصوص کلاسز میں شرکت اور ریاستی امتحانات میں کامیابی حاصل کر لیتے ہیں، تو آپ ہائی اسکول ڈپلوما حاصل کر لیں گے۔ ایک ہائی اسکول ڈپلوما آپ کو کالج، ووکیشنل پروگرامز میں شمولیت اختیار کرنے یا ملازمت حاصل کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

**نوٹ:**
**تمام NYCPS ہائی اسکولز مکمل طور پر مفت ہیں**

ایسے متعدد مختلف اقسام کے ہائی اسکولز موجود ہیں کہ جو انگریزی سیکھنے والے اور بڑی عمر کے طلباء کو معاونت فراہم کرتے ہیں۔ درج ذیل میں کچھ اختیارات موجود ہیں۔



## ▶انٹرنیشنل ہائی اسکولز

انٹرنیشنل ہائی اسکولز ایسے چھوٹے، معاونت کے حامل اسکولز ہوتے ہیں، جو 14 سے 21 سال کی عمر کے ایسے تارک وطن طلباء کے لیے کام کرتے ہیں کہ جو امریکہ میں 4 سال یا اس سے کم مدت سے موجود ہیں اور انگریزی زبان سیکھ رہے ہیں۔

یہ اسکولز ہائی اسکول ڈپلوما فراہم کرتے ہیں اور بروکلین، دی برونکس، مینہیٹن اور کوئینز میں موجود ہیں۔ انٹرنیشنل ہائی اسکولز میں موجود طلباء پیر تا جمعہ، بالعموم صبح 8 بجے - شام 4 بجے اسکول میں شرکت کرتے ہیں۔ ان اسکولز میں درج ذیل کی پیشکش کی جاتی ہے:

- مطالعے، لکھائی اور ریاضی میں اضافی مدد
- دولسانی سماجی کارکنان
- طلباء کی کم تعداد والے کلاس رومز
- بامعاوضہ (اور بلامعاوضہ) انٹرن شپس اور/یا ملازمتی مواقع
- ہائی اسکول میں موجودگی کے دوران ہی کالج کلاسز میں مفت اندراج
- کالج میں داخلے کی درخواست دینے کے لیے انفرادی معاونت
- تنظیموں کی جانب سے کمیونٹی میں فراہم کی جانے والی دیگر خدمات جیسا کہ امیگریشن امور اور رہائش گاہ کے حصول میں مدد

| انٹرنیشنل ہائی اسکول | پتہ |
|---|---|
| انٹرنیشنل ہائی اسکول ایٹ یونیئن اسکوائر | 40 Irving Pl, New York, NY 10003 |
| مینہیٹن انٹرنیشنل ہائی اسکول | 317 E 67th St, New York, NY 10065 |
| انٹرنیشنل کمیونٹی ہائی اسکول | 345 Brook Ave, Bronx, NY 10454 |
| کروٹونا انٹرنیشنل ہائی اسکول | 2474 Crotona Ave, Bronx, NY 10458 |
| برونکس انٹرنیشنل ہائی اسکول | 1110 Boston Rd, Bronx, NY 10456 |
| کلیرمونٹ انٹرنیشنل ہائی اسکول | 240 E 172nd St, Bronx, NY 10457 |

| | |
|---|---|
| 1300 Boynton Ave Floor 4, Bronx, NY 10472 | پین امریکن انٹرنیشنل ہائی اسکول ایٹ مونرو |
| 883 Classon Ave, Brooklyn, NY 11225 | انٹرنیشنل ہائی اسکول ایٹ پروسپیکٹ ہائیٹس |
| 2630 Benson Ave, Brooklyn, NY 11214 | انٹرنیشنل ہائی اسکول ایٹ لافائیٹ |
| 49 Flatbush Ave Ext, Brooklyn, NY 11201 | بروکلین انٹرنیشنل ہائی اسکول |
| 48-01 90th St, Elmhurst, NY 11373 | انٹرنیشنل ہائی اسکول فار ہیلتھ سائنسز |
| 45-35 Van Dam St, Long Island City, NY 11101 | انٹرنیشنل ہائی اسکول ایٹ لاگارڈیا کمیونٹی کالج |
| 144-80 Barclay Ave, Flushing, NY 11355 | فلشنگ انٹرنیشنل ہائی اسکول |
| 45-10 94th St, Flushing, NY 11373 | پین امریکن انٹرنیشنل ہائی اسکول |

**مزید معلومات کے لیے، انٹرنیشنلز نیٹ ورک کی یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:**
**www.internationalsnetwork.org-**

## ►ٹرانسفر ہائی اسکولز

نیو یارک سٹی میں **5 ٹرانسفر ہائی اسکولز** ہیں جو حال ہی میں امریکہ آنے والے (عام طور پر 16 تا 21 سال کے) نوجوانوں اور انگریزی سیکھنے والے نوجوانوں کو تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ انہیں "ELL ٹرانسفر اسکولز" کہا جاتا ہے۔ یہ کل وقتی اسکولز ہوتے ہیں جو ہائی اسکول ڈپلوما فراہم کرتے ہیں۔

ELL ٹرانسفر اسکولز ایسے طلباء کی معاونت کرتے ہیں کہ جو کچھ وقت کے لیے اسکول سے باہر رہے ہوں یا جو کبھی بھی اسکول نہیں گئے۔ یہ مینہیٹن اور برونکس میں واقع ہیں۔ ٹرانسفر ہائی اسکولز میں طلباء پیر - جمعہ، بالعموم صبح 8 بجے - شام 4 بجے اسکول جاتے ہیں

ان اسکولز میں درج ذیل کی پیشکش کی جاتی ہے:

- کام کرنے والے طلباء کے لیے نائٹ اسکول (مینہیٹن کمپری ہینسیو نائٹ اینڈ ڈے میں دستیاب ہیں)
- تنظیموں کی جانب سے کمیونٹی میں فراہم کی جانے والی دیگر خدمات جیسا کہ امیگریشن امور اور رہائش گاہ کے حصول میں مدد
- انگریزی سیکھنے میں مدد
- کم طلباء کی حامل کلاسز
- مطالعے، لکھائی اور ریاضی میں اضافی مدد
- دولسانی سماجی کارکنان
- بامعاوضہ انٹرن شپس اور/یا ملازمتی مواقع

***مینہیٹن اور دی برونکس میں واقع ELL ٹرانسفر ہائی اسکولز، جو نئے تارک وطن نوجوانوں کو مدد فراہم کرتے ہیں:***

| اسکول | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| ELLIS پریپیریٹری اکیڈمی (X397) | 99 Terrace View Avenue, Bronx, NY 10463 | 718-220-1889 |
| ایما لیزیرس ہائی اسکول (M394) | 100 Hester Street, Manhattan, NY 10002 | 212-925-5017 |
| مینہیٹن کمپری ہینسیو نائٹ اینڈ ڈے (M575) | 240 2 Avenue, Manhattan, NY 10003 | 212-353-2010 |
| لبرٹی ہائی اسکول اکیڈمی فار نیو کمرز (M550) | 250 West 18 Street, Manhattan, NY 10011 | 212-691-0934 |
| لوئر ایسٹ سائیڈ پریپیریٹری اکیڈمی (M515) | 145 Stanton Street, Manhattan, NY 10002 | 212-505-6366 |

***بروکلین، دی برونکس اور کوئینز میں ایسے مزید ٹرانسفر ہائی اسکولز بھی موجود ہیں کہ جو نووارد تارک وطن نوجوانوں کو قبول کرتے ہیں:***

| اسکول | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| بُشوِک کمیونٹی ہائی اسکول (K564) | 231 Palmetto Street, Brooklyn, NY 11221 | 718-443-3083 |
| کوئینز سیٹلائٹ ہائی اسکول فار اپرچونٹی (Q338) | 162-02 Hillside Avenue, Queens, NY 11432 | 718-883-1200 |
| کوئینز اکیڈمی ہائی اسکول (Q540) | 138-11 35 Avenue, Queens, NY 11354 | 718-463-3111 |
| نارتھ کوئینز کمیونٹی ہائی اسکول (Q792) | 141-25 77 Road, Queens, NY 11367 | 718-380-1650 |
| برونکس کمیونٹی ہائی اسکول (X377) | 1980 Lafayette Avenue, Bronx, NY10473 | 718-892-1026 |
| ارتورو اے اسکومبرگ سیٹلائیٹ اکیڈمی برونکس (X446) | 1010 Rev. J. A. Polite Avenue, Bronx, NY 10459 | 718-518-3050 |

## ▶مقامی ہائی اسکولز

آپ کی کمیونٹی میں ایسے ہائی اسکولز بھی موجود ہیں کہ جو حال ہی میں آنے والے تارک وطن طلباء سمیت 14 تا 21 سال کے تمام طلباء کا اندراج کرتے ہیں۔ مقامی ہائی اسکولز کے طالب علم پیر - جمعہ، عام طور پر صبح 8 بجے - شام 4 بجے اسکول میں شرکت کرتے ہیں۔ ان میں سے کچھ اسکولز دو لسانی کلاسز کی پیشکش کرتے ہیں، جبکہ دیگر میں نووارد طلباء کے لیے پروگرامز موجود ہوتے ہیں۔ جب آپ کسی فیملی ویلکم سینٹر کا دورہ کرتے ہیں، تو اس بارے میں دریافت کریں کہ کون سے ہائی اسکولز آپ کی زبان میں دو لسانی پروگرامز کی پیشکش کرتے ہیں یا تارک وطن طلباء کے لیے پروگرامز پیش کرتے ہیں۔


**نوٹ:**

تمام مقامی ہائی اسکولز انگریزی سیکھنے والے طلباء کے لیے معاونت کی پیشکش کرتے ہیں جو **انگریزی بطور نئی زبان (English as a New Language)** کہلاتی ہے

***درج ذیل میں کچھ ایسے اسکولز موجود ہیں کہ جو نووارد تارکین وطن کو تعلیم دیتے ہیں:***

| بورو | مقامی ہائی اسکولز جو نئے آنے والے تارکین وطن کو تعلیم دیتے ہیں |
|---|---|
| **مینہیٹن** | HS فار ڈوئل اینڈ ایشیئن اسٹڈیز<br>مینہیٹن بریجز ہائی اسکول<br>مینہیٹن اکیڈمی فار آرٹس اینڈ لینگوئیج<br>گریگوریو لوپرون ہائی اسکول فار سائنس اینڈ میتھمیٹکس |
| **برونکس** | نیو ورلڈ ہائی اسکول<br>اکیڈمی فار لینگوئیج اینڈ ٹیکنالوجی<br>برونکس بریجز ہائی اسکول<br>ہائی اسکول آف لینگوئیج اینڈ انوویشن<br>انٹرنیشنل اسکول فار لبرل آرٹس<br>ہائی اسکول آف ورلڈ کلچرز<br>کنگزبریج انٹرنیشنل ہائی اسکول<br>برونکس کمیونٹی ہائی اسکول |
| **بروکلین** | ملٹی کلچر ہائی اسکول |
| **کوئینز** | ATLAS ہائی اسکول<br>کوئینز ہائی اسکول فار لینگوئیج اسٹڈیز |

## ہائی اسکول میں کیسے اندراج کروایا جائے



اگر آپ 14 تا 21 سال کے ہیں اور آپ کسی NYCPS ہائی اسکول میں اندراج کروانا چاہتے ہیں، تو آپ کو کسی مقامی "فیملی ویلکم سینٹر" کا دورہ کرنا چاہیئے، اور اپنے لیے دستیاب اختیارات کے بارے میں انرولمنٹ کاؤنسلر سے گفتگو کرنی چاہیئے۔

اگر آپ کوئی **مقامی یا انٹرنیشنل ہائی اسکول** منتخب کرتے ہیں تو:

فیملی ویلکم سینٹر آپ کو ایک تفویض کاری کا خط مہیا کرے گا۔ اس خط میں اس اسکول کا نام اور پتہ موجود ہو گا جہاں آپ جائیں گے۔ آپ کو براہ راست اسکول سے رابطہ کرنا چاہیئے اور اسکول میں ذاتی حیثیت میں پیش ہو کر اندراج کا عمل مکمل کرنا چاہیئے۔

اگر آپ **ٹرانسفر ہائی اسکول** کا انتخاب کرتے ہیں تو:

فیملی ویلکم سینٹر آپ کو ایک یا ایک سے زیادہ حوالہ جاتی خطوط فراہم کرے گا۔ ہر ایک خط پر ایک ٹرانسفر اسکول کا نام اور پتہ موجود ہو گا۔ آپ کو ہر ایک اسکول سے رابطہ کرنا ہو گا اور ملاقات کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنا ہو گی۔ ٹرانسفر اسکولز کا داخلے کا اپنا طریقہ کار ہوتا ہے جس کے تحت وہ یہ طے کرتے ہیں کہ آیا طالب علم موزوں ہے۔

**نوٹ:**

اگر آپ ان اسکولوں میں سے کسی میں بھی، کہ جہاں آپ گئے ہیں، اندراج نہیں کرواتے ہیں تو آپ کو **مزید اختیارات کے لیے فیملی ویلکم سینٹر واپس آنا چاہیئے۔**

اگلے صفحے پر آپ تمام تر فیملی ویلکم سینٹرز کی فہرست اور ان سے رابطے کی معلومات ملاحظہ کریں گے۔ فیملی ویلکم سینٹرز صبح 8 بجے - شام 5 بجے، پیر- جمعرات؛ بروزِ جمعہ صبح 8 بجے - سہ پہر 3 بجے کھلے رہتے ہیں۔ فیملی ویلکم سینٹرز میں ترجمے اور تشریح کی خدمات دستیاب ہوتی ہیں۔

# فیملی ویلکم سینٹرز (FWCs)

***فیملی ویلکم سینٹرز صبح 8 بجے – شام 5 بجے، پیر – جمعرات؛ اور بروزِ جمعہ صبح 8 بجے – سہ پہر 3 بجے کھلے رہتے ہیں۔ فیملی ویلکم سینٹرز میں ترجمانی اور تشریحی خدمات دستیاب ہوتی ہیں۔***

| بورو | زیر خدمت ڈسٹرکٹ (ڈسٹرکٹس) | پتہ اور ای میل | فون نمبر |
|---|---|---|---|
| برونکس | 7، 9، 10 | 1 Fordham Plaza, 7th Floor<br>FordhamFWC@schools.nyc.gov | 718-329-8050 |
| | 8، 11، 12 | 1230 Zerega Ave, Room 24<br>ZeregaFWC@schools.nyc.gov | 718-828-7546 |
| بروکلین | 16، 17، 18، 22 | 1780 Ocean Avenue, 3rd Floor<br>OceanFWC@schools.nyc.gov | 718-758-7744 |
| | 13، 15، 20، 21 | 415 89th Street, 5th Floor<br>89thFWC@schools.nyc.gov | 718-759-3900 |
| | 14، 19، 23، 32 | 1665 St. Mark’s Avenue, Room 116<br>StMarksFWC@schools.nyc.gov | 718-240-3609 |
| مینہیٹن | 1، 2، 4 | 333 7th Avenue, 12th Fl., Room 1211<br>333FWC@schools.nyc.gov | 917-339-1763 |
| | 3، 5، 6 | 123 Morningside Drive, Room 235<br>MorningsideFWC@schools.nyc.gov | 332-228-0312 |
| کوئینز | 24، 30 | 28-11 Queens Plaza North, 3rd Fl.<br>QueensPlazaNFWC@schools.nyc.gov | 718-391-6270 |
| | 25، 26 | 30-48 Linden Place, 2nd Floor<br>LindenFWC@schools.nyc.gov | 718-281-3538 |
| | 27، 28، 29 | 90-27 Sutphin Boulevard, 1st Floor<br>SutphinFWC@schools.nyc.gov | 718-557-2786 |
| اسٹیٹن آئی لینڈ | 31 | 365 Bay Street<br>BayStreetFWC@schools.nyc.gov | 718-935-3500 |

**نوٹ:** اگر آپ کی عمر 18 برس سے کم ہے اور آپ کے والد یا والدہ یا کوئی سرپرست موجود ہے، تو ان کا اسکول میں اندراج کی خاطر فیملی ویلکم سینٹر میں آپ کے ہمراہ آنا ضروری ہے۔ اگر آپ 18 سال سے کم عمر ہیں اور قانوناً آزاد ہیں یا سرپرست سے محروم نوجوان ہیں، تو آپ کا اسکول میں اندراج کے لیے آمد کے موقع پر کسی بالغ فرد کے ہمراہ آنا ضروری نہیں۔

## رجسٹریشن کے لیے مجھے کون سی دستاویزات کی ضرورت ہے؟

اسکول میں رجسٹریشن کے موقع پر آپ کو درج ذیل دستاویزات لانا ہوں گی:

- **طالب علم کی عمر کا ثبوت،** جیسا کہ پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا پاسپورٹ۔
- طالب علم کے **حفاظتی ٹیکہ جات کا ریکارڈ۔**
- دستیابی کی صورت میں گزشتہ ملک کے اسکول ریکارڈز سمیت **اسکول ریکارڈز۔**
- اگر طالب علم کے پاس **انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP)** یا 504 اکاموڈیشن پلان موجود ہو تو وہ ہمراہ لائیں۔
- والد/والدہ یا سرپرست کی **باتصویر ID۔**
- آپ کو یہ ثابت کرنے کے لیے 2 طرح کے **ثبوت لانا ہوں گے کہ آپ NYC میں رہائش پذیر ہیں۔** رہائش کے ثبوت میں شامل ہیں:
  - گزشتہ 60 دن کے اندر کا کوئی گیس، بجلی یا کیبل ٹیلی ویژن کا بل۔
  - گزشتہ 60 دن کے اندر کی کرائے کی کوئی رسید۔
  - پراپرٹی ٹیکس بل۔
  - کوئی بھی اوریجنل لیز، ڈیڈ یا موگیج معاہدہ۔
  - کسی بھی مشاہرے کی یا سرکاری ایجنسی کی کوئی دستاویز۔
  - کسی فرد کی جانب سے بیان حلفی جو یہ جانتا ہو کہ آپ فراہم کردہ پتے پر رہتے ہیں۔ *(اس صورتِ حال میں آپ سے رہائش کے ثبوت کے طور پر 3 دستاویزات طلب کی جائیں گی۔)*

**نوٹ:**

اگر آپ کسی شیلٹر یا عارضی رہائش کی کسی دوسری شکل میں فی الوقت رہائش پذیر ہیں، تو آپ کو اندراج کے لیے ان میں **کسی بھی** دستاویز کی ضرورت نہیں

## دوسرے ملک میں طالب علم کا اسکول کا ریکارڈ کیا ہوتا ہے؟

اگر طالب علم کا ریکارڈ امریکہ سے باہر کا ہے اور کسی دوسری زبان میں موجود ہے تو اسے نیو یارک سٹی پبلک اسکولز (NYCPS) کی جانب سے ترجمہ کروایا جائے۔

## اگر طالب علم کے پاس اسکول ریکارڈز نہیں ہیں، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کے پاس اپنے گزشتہ ملک سے اسکول ریکارڈز موجود نہیں، تو بھی اسکول آپ کے داخلے کو رد نہیں کر سکتا۔ انہیں آپ کی عمر کے مطابق موزوں ترین گریڈ میں آپ کو داخل کرنا ہو گا۔ دستیابی کی صورت میں، اسکول ریکارڈز آپ کے اندراج کے بعد فراہم کیے جا سکتے ہیں۔

# 17 سال اور اس سے بڑی عمر کے نوجوانوں کے لیے HSE ڈپلوما اور دیگر تعلیمی پروگرامز

NYCPS ایسے نوجوانوں کے لیے ایک ہائی اسکول ایکویلینسی ڈپلوما کی پیشکش کرتا ہے کہ جن کے پاس US ہائی اسکول ڈپلوما موجود نہیں۔ طالب علموں کو اپنی تدریسی صلاحیتوں میں بہتری لانے، انگریزی سیکھنے اور ملازمتوں کے لیے خصوصی تربیت میں مدد کی خاطر بھی پروگرامز دستیاب ہیں۔ یہ تمام کے تمام پروگرامز مفت ہیں۔

## ►ہائی اسکول ایکویلینسی (HSE) کی تیاری

اگر آپ 17 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں، تو آپ GED کا امتحان دینے اور ایک ہائی اسکول ایکویلینسی (HSE) ڈپلوما حاصل کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایک HSE ڈپلوما سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کے پاس ایک ہائی اسکول گریجویٹ کے جتنی تدریسی مہارتیں موجود ہیں۔ آپ چار مضامین کے ٹیسٹس میں کامیاب ہو کر اسے حاصل کرتے ہیں۔ اس امتحان کے لیے آپ کو تیار ہونے میں مدد کرنے والے کورسز کو آپ NYCPS کے ذریعے حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کی کلاسز دن اور شام کے اوقات کے لیے شیڈول کی جاتی ہیں۔ کلاسز اور HSE امتحان انگریزی یا ہسپانوی زبان میں دستیاب ہے۔

یہ کلاسز ان طلبہ کے لیے سب سے زیادہ مفید ہوتی ہیں جنہیں کسی حد تک انگریزی یا ہسپانوی زبان پر اور عمومی مطالعہ، لکھائی اور ریاضی کی مہارتوں پر عبور حاصل ہو۔ HSE کلاسز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے کسی ریفرل سینٹر کا دورہ کریں:

| بورو | پتہ اور ای میل | فون نمبر |
|---|---|---|
| برونکس | 1010 Rev. James Polite Avenue, Room 436 Bronx, NY 10459 | 718-518-4530 |
| بروکلین | 69 Schermerhorn Street Brooklyn, NY 11201 | 718-935-9457 |
| مینہیٹن | 269 West 35th Street, 11th Floor New York, NY 10018 | 212-244-1274 |
| کوئینز | 162-02 Hillside Avenue Queens, NY 11432 | 929-352-2206 |
| اسٹیٹن آئی لینڈ | 365 Bay Street Staten Island, NY 10301 | 917-722-3800 |

## ▶بنیادی تعلیم برائے بالغان (ABE)

بنیادی تعلیم برائے بالغان ایسے طالب علموں کے لیے ترتیب دی گئی ہے جو اپنی پڑھنے، لکھنے اور ریاضی کی مہارتیں بہتر بنانے کے متلاشی ہیں۔ یہ کلاسز ان طلباء کے لیے بہترین ہیں جو کچھ وقت سے اسکول سے غیرحاضر ہیں۔

## ▶انگریزی بطور ثانوی/دیگر زبان (ESOL)

انگریزی بطور ثانوی/دیگر زبان کے کورسز کا مقصد یہ ہے کہ تمام سطح کے طلباء کی انگریزی پڑھنے، لکھنے، بولنے اور سُننے کی مہارتوں میں بہتری لائی جائے۔ اس کی کلاسز بنیادی سے ایڈوانسڈ سطح تک کی ہوتی ہیں۔

## ▶کریئر اور تکنیکی تعلیم (CTE)

کریئر اور تکنیکی تعلیم کے کورسز، ایسے بالغ طالب علموں کو ملازمتی نقطہ نگاہ سے کمپیوٹر کی مہارتوں، آٹوموٹیو اور دیگر شعبوں میں تربیت فراہم کرتے ہیں، جو ملازمت کے لیے تیاری کے ضمن میں تربیت کے متلاشی ہوں۔

## ABE، ESOL یا CTE میں کیسے اندراج کروایا جائے

کسی بھی تعلیمِ بالغاں کے اندراجی مرکز کا دورہ کریں، جو ہر ہفتے پیر - جمعرات کھلے رہتے ہیں۔

| | بورو | پتہ اور ای میل |
|---|---|---|
| *دن کے اوقات میں اندراج (صبح 9 بجے – دوپہر 1 بجے* | برونکس | 3450 East Tremont Avenue 3rd Fl Bronx, NY 10465 |
| | بروکلین | 557 Granville Payne Avenue Brooklyn, NY 11207 |
| | | 475 Nostrand Avenue Brooklyn NY 11216 |
| | | 271 Melrose Street Brooklyn, NY 11206 |
| | مینہیٹن | 269 West 35th Street 7th Fl New York, NY 10001 |
| | | 212 West 120th Street New York, NY 10027 |
| | کوئینز | 27-35 Jackson Avenue Long Island City, NY 11101 |
| | | 142-10 Linden Boulevard Queens, NY 11436 |
| *شام میں اندراج (شام 5 بجے - رات 8 بجے)* | بروکلین | 271 Melrose Street Brooklyn, NY 11206 |
| | اسٹیٹن آئی لینڈ | 450 St. Marks Place Staten Island, NY 10301 |
| | کوئینز | 90-01 Sutphin Blvd. 2nd Fl Jamaica, NY 11435 |

# دیگر وسائل

## نیو یارک سٹی، بروکلین اور کوئینز کی پبلک لائبریریاں

نیو یارک سٹی میں تین پبلک لائبریری سسٹمز موجود ہیں، جن میں سے ہر ایک علیحدہ علیحدہ طور پر انگریزی بطور ثانوی زبان سے لے کر ٹیکنالوجی ورک شاپس اور دیگر مضامین تک میں پیشکشوں کا وسیع سلسلہ پیش کرتے ہیں۔ ہر ایک لائبریری سسٹم کی انفرادی پیشکشوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے QR کوڈز اسکین کریں:

**کوئینز پبلک لائبریری (QPL)**

**بروکلین پبلک لائبریری (BPL)**

**نیو یارک پبلک لائبریری (NYPL)**

## امیگریشن کے سلسلے میں مدد کے لیے مجھے کدھر جانا چاہیئے؟

CUNY سٹیزن شپ ناؤ سینٹرز اپائنٹمنٹ کے ذریعے مفت امیگریشن خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ذیل میں CUNY سٹیزن شپ ناؤ کے دفاتر کا مقام اور رابطہ معلومات موجود ہیں:

| CUNY امیگریشن سینٹر | بولی جانے والی زبان (زبانیں) | فون | اوقات کار | پتہ |
|---|---|---|---|---|
| **ہوسٹوز کمیونٹی کالج** | انگریزی، ہسپانوی | 718-518-4395 | پیر - جمعہ، صبح 9 بجے - دوپہر 1 بجے، دوپہر 2 بجے - شام 5 بجے | 427 Walton Ave., T-501 Bronx, NY 10451 |
| **میڈگر ایورز کالج** | انگریزی، ہسپانوی، پولش | 718-270-6292 | پیر - جمعہ، صبح 9 بجے - دوپہر 1:15 بجے، دوپہر 1:45 بجے - شام 4 بجے | 1150 Carroll St., Rm 226 Brooklyn, NY 11225 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **سٹی کالج** | انگریزی، ہسپانوی، اطالوی | 212-650-6620 | پیر - جمعہ، صبح 9 بجے - شام 5 بجے | 160 Convent Ave., North Academic Center, Rm 1-206 New York, NY 10031 |
| **CUNY ان دی ہائیٹس** | انگریزی، ہسپانوی | 646-664-9350 | پیر - جمعہ، صبح 9 بجے - شام 5 بجے | 5030 Broadway, Ste. H202 New York, NY 10034 |
| **فلشنگ** | انگریزی، چائنیز، کوریائی، ہسپانوی | 718-640-9223 | پیر - جمعہ، صبح 9:30 بجے - دوپہر 1 بجے، دوپہر 2 بجے - شام 4:30 بجے | 39-07 Prince St., Ste. 2B Flushing, NY 11354 |
| **پارک کالج** | انگریزی، ہسپانوی | 646-664-9400 | پیر - جمعہ، صبح 9:00 بجے - شام 4:00 بجے | 94-20 Guy Brewer Blvd. Jamaica, NY 11451 |
| **El Centro Del Immigrante** | انگریزی، ہسپانوی | 347-825-2086 | پیر - ہفتہ صبح 7:00 بجے - دوپہر 12 بجے | 260 Port Richmond Avenue, Staten Island, NY 10302 |

**یہ گائیڈ اور نیو یارک سٹی میں دستیاب تعلیمی خدمات کے بارے میں اضافی وسائل ہماری ویب سائٹ www.advocatesforchildren.org پر دستیاب ہیں۔**

## ہمارا مشن

ایڈووکیٹس فار چلڈرن آف نیو یارک (AFC) کا مشن نیو یارک کے ایسے طلباء کے لیے اعلیٰ معیار کی تعلیم کو یقینی بنانا ہے جنہیں تدریسی کامیابیوں میں رکاوٹوں کا سامنا ہے، اور اس دوران کم آمدنی والے پس منظر کے حامل طالب علموں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ AFC چار مربوط حکمت عملیوں کے ذریعے اس کا حصول ممکن بناتا ہے:

- طالب علموں کے خاندانوں کے لیے مفت مشورہ اور قانونی نمائندگی؛
- والدین، کمیونٹیز اور معلمین سمیت دیگر پیشہ ور افراد کے لیے مفت تربیتیں اور ورکشاپس، تاکہ انہیں طلباء کی جانب سے وکالت کرنے کے لیے تیار کیا جا سکے؛
- نظام تعلیم میں عملی تبدیلی لانے اور تعلیمی نتائج کو بہتر بنانے کے لیے پالیسی کی وکالت؛ اور
- معیاری تعلیم کے حق کے تحفظ اور مطلوب تعلیمی اصلاح پر زور دینے کی خاطر اثرانگیز قانون سازی۔

**کیا اب بھی مزید سوالات ہیں؟ براہ کرم جِل شیفیٹز ایجوکیشن ہیلپ لائن پر کال کریں:**

پیر تا جمعرات
صبح 10 بجے تا شام 4 بجے
**866-427-6033 (ٹول فری)**

**ایڈووکیٹس فار چلڈرن آف نیو یارک، انکارپوریٹڈ**
151 West 30th Street, 5th Floor
New York, NY 10001
فون • (212) 947-9779
فیکس • (212) 947-9790
info@advocatesforchildren.org
www.advocatesforchildren.org